# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 08 August-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۸/اگست ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ مہاراشٹر لاجسٹکس پالیسی کو ریاستی کابینہ کی منظوری؛ چھترپتی سمبھاجی نگر- جالنہ لاجسٹکس ہب بھی شامل۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میں منظور شدہ آبرسانی منصوبے کیلئے 822 کروڑ 23 لاکھ روپئے قرض دینے کو ریاستی مجلسِ وزراء کی منظوری۔

☆ اقلیتی تحقیقاتی اور تربیتی ادارے مارٹی کے قیام کا ریاستی کابینہ فیصلہ۔

☆ ملک کا ٹیکس نظام ترقی اور روزگار فراہمی کے فروغ کا ضامن ہے: وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رمن کا دعویٰ؛ مالیاتی بل لوک سبھا میں منظور۔

اور۔۔۔☆ اولمپکس کھیلوں میں فائنل سے قبل نااہل قرار دیئے جانے کے بعد کشتی کھلاڑی وِنیش پھوگاٹ کا ریٹائرمنٹ کا اعلان۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

مہاراشٹر لاجسٹکس پالیسی 2024 کو ریاستی کابینہ نے منظوری دے دی ہے۔ وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کی زیرِ صدارت کل کابینہ کا اجلاس منعقد ہوا۔ ریاستی اقتصادی مشاورتی کونسل کی سفارش کے مطابق یہ لاجسٹک پالیسی مرتب کی گئی ہے اور اس سے تقریباً پانچ لاکھ افراد کو روزگار ملے گا۔ اس فیصلے کے تحت چھترپتی سمبھاجی نگر- جالنہ اسٹیٹ لاجسٹک ہب اور ناندیڑ- دیگلور علاقائی لاجسٹک ہب قائم کیا جائیگا۔

چھوٹے شہروں میں بنیادی ڈھانچے کیلئے قرض کی مد میں فنڈ مہیا کرنے کو بھی ریاستی کابینہ نے منظوری دی۔ اس ضمن میں مرکزی حکومت کی امرت-2 اسکیم کے تحت چھترپتی سمبھاجی نگر کے منظور شدہ آبرسانی منصوبے کے میونسپل کارپوریشن کے حصے کے 822 کروڑ 23 لاکھ روپئے قرض کی ادائیگی کو کابینہ نے منظوری دی۔

ریاست میں اقلیتوں کی فلاح و بہبود کیلئے اقلیتی تحقیقاتی و تربیتی ادارہ مارٹی قائم کرنے کا فیصلہ بھی کابینہ نے کیا۔ اس ادارے کیلئے 11 آسامیاں رکھی جائیں گی اور انتظامی اخراجات کیلئے چھ کروڑ 25 لاکھ روپئے مختص کیے گئے ہیں۔

کسانوں کی خودکشیوں سے متاثرہ اضلاع میں بڑے پیمانے پر آبپاشی کو ممکن بنانے کیلئے اہم وَین گنگا- نڑ گنگا ندی جوڑ پروجیکٹ کو بھی کل کابینی اجلاس میں منظور کیا گیا' جس سے پونے چار لاکھ ہیکٹر اراضی کو سیراب کیا جاسکے گا۔ مختلف ترقیاتی منصوبوں کے سبب بے گھر ہونے والے پروجیکٹ متاثرین کو مکانات کی فراہمی سہل بنانے کیلئے مختلف ضابطوں میں ردّوبدل کا فیصلہ بھی کابینہ نے کیا ہے۔

***** ***** *****

اسٹیٹ ٹرانسپورٹ کارپوریشن ملازمین تنظیموں کی ایکشن کمیٹی کی جانب سے کل 9 اگست سے معلنہ تحریک کے پیشِ نظر وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کل ایکشن کمیٹی سے ملاقات کی۔ اس موقع پر انھوں نے ایک اعلیٰ اختیاری کمیٹی کو ملازمین ایکشن کمیٹی سے ملاقات کر کے ان کے مطالبات کے سلسلے میں رپورٹ اندرونِ ایک ہفتہ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ ایس ٹی کارپوریشن کی آمدنی میں اضافے کی غرض سے مزید دو ہزار بسیں خریدنے کیلئے حکومت غور کر رہی ہے۔

***** ***** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار نے ریاستی عوام کو پینے کیلئے اور کسانوں کو آبپاشی کیلئے معقول مقدار میں پانی فراہم کرنے کی غرض سے آبی منصوبوں ذخیرے کی گنجائش میں اضافے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ ہنگولی، بیڑ، شولاپور اور کولہاپور اضلاع کے بقائے آب محکموں سے متعلق پروجیکٹس کے سلسلے میں کل نائب وزیرِ اعلیٰ کی صدارت میں ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اس اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے قدرتی وسائل کا استعمال کرکے ایک پروجیکٹ کا اضافی پانی دوسرے پروجیکٹ میں منتقل کرنے کیلئے منصوبہ بندی کرنے کی ہدایت کی۔ انھوں نے حکم دیا کہ ان اضلاع میں جن جن مقامات پر ضرورت ہو وہاں کولہاپور طرز کے پشتوں کو بیراج میں تبدیل کرکے آبی ذخیرے کی گنجائش میں اضافے کی کارروائی تیزی سے کی جائے۔

***** ***** *****

ریاست میں وزیرِ اعلیٰ لاڈکی بہن اسکیم کی ایک کروڑ 40 لاکھ درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ جن میں سے ایک کروڑ 25 لاکھ درخواستیں منظور کرلی گئی ہیں۔ یہ اطلاع بہبودِ اطفال وخواتین کی وزیر آدیتی تٹکرے نے دی۔ کل ناندیڑ میں خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ خواتین کو اس اسکیم کا زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانے کیلئے سرکاری سطح پر کوششیں جاری ہیں۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے میں اب تک تین لاکھ 52 ہزار 880 خواتین نے اس اسکیم میں درخواستیں داخل کی ہیں۔ ان میں سے تقریباً 94 فیصد درخواستوں کی جانچ کے بعد متعلقہ خواتین کو درخواست قبول ہونے کے پیغام موبائل پر ارسال کیے جاچکے ہیں۔

پربھنی ضلعے میں اب تک دولاکھ 57 ہزار 235 آن لائن درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ ان میں سے دولاکھ 26 ہزار 941 درخواستیں درست قرار دی گئی ہیں۔

***** ***** *****

ریزروبینک آف انڈیا RBI نے مختلف زرعی کاروبار کیلئے کم شرح سود پر کم مدت کیلئے قرض فراہم کرنے کی ہدایت بینکوں کو دی ہے۔ اس خصوص میں کسانوں کو سات فیصد شرح سود پر تین لاکھ روپئے قرض دیا جائیگا۔ مقررہ مدت میں قرض کی ادائیگی کرنے والے کسانوں کو شرح سود میں مزید تین فیصد رعایت دی جائیگی۔ RBI نے کہا کہ اس اقل مدتی قرض کے حصول کیلئے آدھار نمبر لازمی ہوگا۔

***** ***** *****

وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا ہے کہ ٹیکس سے متعلق قوانین اور عمل کو سہل بنا کر اسکے ذریعے ملک کو ترقی دینے اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کا وزیرِ اعظم کا نظریہ ہے۔ لوک سبھا میں کل مالیاتی بل 2024 پر مباحثے کا وہ جواب دے رہی تھیں۔ انھوں نے کہا کہ حکومت نے گزشتہ ایک دہائی میں ٹیکس نظام میں بے پناہ تبدیلیاں کی ہیں اور ٹیکسوں میں بڑے پیمانے پر اضافے کرنے کی بجائے اس میں آسانیاں پیدا کرنے سے شفافیت میں اضافہ ہوا ہے۔ متوسط طبقے پر ٹیکس کے بوجھ میں اضافے کے دعوے انھوں نے مسترد کردیئے اور کہا کہ حکومت کے فیصلوں سے متوسط طبقے کو دلاسہ ملا ہے اور چھوٹے کاروباری طبقے کو بھی بڑے پیمانے پر فائدہ ہوا ہے۔ مباحثے کے اس جواب کے بعد لوک سبھا میں مالیاتی بل صوتی رائے دہی سے منظور کرلیا گیا۔

***** ***** *****

راجیہ سبھا کے 9 ریاستوں کی 12 نشستوں پر ہونے والے ضمنی انتخابات کیلئے انتخابی کمیشن نے کل حکمنامہ جاری کردیا۔ مہاراشٹر کے رکنِ پارلیمان اُدین راجے بھوسلے اور پیوش گوئل کے لوک سبھا کیلئے منتخب ہونے کے باعث ان دو نشستوں کیلئے انتخاب ہوں گے۔ ان تمام نشستوں کیلئے اس مہینے کی 24 تاریخ کو حکمنامہ جاری کیا جائیگا۔ 22 تاریخ کو درخواستوں کی جانچ ہوگی اور 26 تاریخ تک نامزدگیاں واپس لی جاسکتی ہیں۔ ان انتخابات کیلئے تین ستمبر کو رائے دہی ہوگی۔

***** ***** *****

کشتی کھلاڑی وِنیش پھوگاٹ نے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا ہے۔ سماجی رابطے پر جاری کردہ پیغام میں انھوں نے اپنے اس فیصلے کا اعلان کیا۔ پیرس اولمپکس میں کل فائنل سے قبل نااہل قرار دیئے جانے کے بعد پھوگاٹ نے ریٹائرمنٹ لینے کا فیصلہ کیا۔ دریں اثناء نااہلی کے فیصلے کیخلاف انھوں نے اسپورٹس ٹریبونل سے رجوع کیا ہے اور درخواست کی ہے کہ انھیں مشترکہ کانسے کا تمغہ دیا جائے۔ اسی دوران آج اولمپک میں نیرج چوپڑا بھالہ پھینک مقابلے کے فائنل میں زور آزمائی کریں گے۔

***** ***** *****

مردوں کے ہاکی مقابلوں میں ہندوستانی ٹیم کانسے کے تمغے کیلئے اسپین کے خلاف مقابلہ کریگی۔ مردوں کے کشتی مقابلوں میں اَمن شیراوت 57 کلووزنی زمرے میں اپنی قسمت آزمائیں گے۔ خواتین کے 57 کلوزمرے میں اَنشو بھارت کی نمائندگی کریں گی۔ کل ہوئے ویٹ لفٹنگ مقابلے میں میرا بائی چانو چوتھے مقام پر رہیں اور اسٹیپل چیس میں بیڑ کے اویناش سابڑے گیارہویں نمبر پر رہے۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ میں پولس افسران کے تبادلے کیے گئے ہیں۔ تھانہ کے ڈپٹی کمشنر وِنئے کمار راٹھوڑ اب چھترپتی سمبھاجی نگر کے سپرنٹنڈنٹ ہوں گے۔ پونہ کے ڈپٹی کمشنر وجئے کمار کو لاتور کے پولس تربیتی مرکز کے پرنسپل کے عہدے پر، امراوتی کے پولس سپرنٹنڈنٹ اویناش بارگڑ کو بیڑ پولس سپرنٹنڈنٹ کے عہدے پر اور ناندیڑ کے اپّر سپرنٹنڈنٹ اویناش کمار کو ناندیڑ پولس سپرنٹنڈنٹ کے عہدے پر تعینات کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ مہاراشٹر لاجسٹکس پالیسی کو ریاستی کابینہ کی منظوری؛ چھترپتی سمبھاجی نگر - جالنہ لاجسٹکس ہب بھی شامل۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میں منظور شدہ آبرسانی منصوبے کیلئے 822 کروڑ 23 لاکھ روپئے قرض دینے کو ریاستی مجلس وزراء کی منظوری۔

☆ اقلیتی تحقیقاتی اور تربیتی ادارے مارٹی کے قیام کا ریاستی کابینہ فیصلہ۔

☆ ملک کا ٹیکس نظام ترقی اور روزگار فراہمی کے فروغ کا ضامن ہے: وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن کا دعویٰ؛ مالیاتی بل لوک سبھا میں منظور۔

اور۔۔۔☆ اولمپکس کھیلوں میں فائنل سے قبل نااہل قرار دیئے جانے کے بعد کشتی کھلاڑی وِنیش پھوگاٹ کا ریٹائرمنٹ کا اعلان۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****